© rasailojaraid.com

کتابت وطباعت کا معیار اچھا ہے۔ یہ قابل قدر تصنیف مکتبہ نعمانیہ اردو بازار گوجرانوالہ اور سکول بک ڈپو اردو بازار گوجرانوالہ سے مل سکتی ہے۔

---

**سید احمد شہیدؒ کی صحیح تصویر** تالیف: جناب وحید احمد مسعود۔ ناشر: مکتبہ مسعود۔ مسجد گراونڈ۔ رام گڑھ لاہور قیمت۔ سوا دو روپے۔ صفحات ۲۳۶۔

تحقیق کے معنی آج کل بعض لوگوں نے یہ سمجھ رکھے ہیں کہ کوئی ایسی عجیب وغریب بات کہی جائے کہ پڑھنے والے حیران وششدر رہ جائیں، خواہ اس کے لیے کوئی بنیاد ہو یا نہ ہو۔ زیرِ تبصرہ کتاب اسی نوعیت کی "تحقیق انیق" کا ایک نادر نمونہ ہے۔ اس میں مصنف نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ شاہ اسماعیل شہیدؒ اسلامی تعلیمات سے یکسر عاری اور سرکار انگریزی کے ایجنٹ تھے۔ اُن کی اصلاح وتبلیغ کی کوششیں سراسر افسانہ ہیں اور انہوں نے جہاد کے نام پر جو کچھ کیا وہ انگریز کے اشارے پر کیا۔ یہ کتاب اس قسم کی تحقیقات سے بھری پڑی ہے۔

---

**جنید بغداد** مصنف: ڈاکٹر علی حسن عبدالقادر صدر شعبہ دینیات، الازہر یونیورسٹی مصر۔ مترجم جناب محمد کاظم صاحب شائع کردہ: مکتبہ جدید۔ لاہور۔ قیمت ۵ روپے۔ صفحات ۳۶۶۔

اسلام میں تصوف کے جتنے طریقے رائج ہیں اُن کا اگر گہری نظر سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اُن کے آغاز کے صرف دو اسباب ہیں۔ ایک سبب تو یہ ہوا کہ بعض سنگین قسم کے سیاسی حالات نے عوام کو بے بس بنا دیا اور ان کے اندر یاس وقنوطیت پیدا ہوئی جو بعض اوقات انسانوں کو گمراہی کی طرف بھی لے جاتی ہے۔ اس خطرے کو محسوس کرتے ہوئے بعض خدا پرست افراد نے لوگوں کو روحانی کیف وسرور سے لذت آشنا کرکے انہیں گمراہی کے نرغے سے بچایا۔ دوسری صورت یہ ہوئی کہ مال ودولت کی فراوانی نے لوگوں کو دنیا کی محبت میں گرفتار اور خدا سے غافل کردیا۔ ان حالات میں شعائرِ دین بھی محض رسومات بن کر رہ گئے اور دل محبت سے خالی ہوگئے۔ چنانچہ بعض بزرگوں نے آگے بڑھ کر حالات کو سنبھالنے کی

© rasailojaraid.com